فوری ریلیز کے لیے: 19/9/2022 | ***KATHY HOCHUL** گورنر*

## *گورنر **HOCHUL** نے لانگ آئی لینڈ کے جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو کے لیے منصوبے کا اعلان کیا ہے*

### *جامع انتظامی منصوبہ آنے والے سالوں کے لیے پانی کے معیار، زندگی کے وسائل اور عوامی استعمال کی حفاظت کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے*

### *موسمیاتی اور ایسٹوؤریز کے قومی ہفتے سے مطابقت رکھتا ہے*

گورنر Kathy Hochul نے آج 2022 لانگ آئی لینڈ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو جامع انتظامی منصوبے کی اپ ڈیٹ کے اجراء کا اعلان کیا۔ منصوبہ ایسٹوؤری ریزور کے جنوبی ساحل کو درپیش مسائل، جیسے کہ موسمیاتی تبدیلی، لچک، پانی کا معیار، رہائش گاہ کی بحالی اور ایسٹوؤری کے عوامی استعمال کی موجودہ ترجیحات پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ 2022 لانگ آئی لینڈ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو جامع انتظامی منصوبے کی حتمی اپ ڈیٹ یہاں دستیاب ہے۔ یہ اعلان ہفتہ برائے قومی ایسٹوؤریز اور ماحولیاتی ہفتے کے موافق ہے۔

"لانگ آئی لینڈ کی آبی گزرگاہوں اور ساحلی پٹیوں کی حفاظت اس سے زیادہ اہم کبھی نہیں رہی کیونکہ ہمیں موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے اور انوکھے اثرات اور پانی کے معیار اور ماحولیاتی حالات کے لیے مستقل خطرات کا سامنا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مجھے جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو کے لیے اس جامع انتظامی منصوبے کا اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے، جو کہ ایک بھرپور اور متنوع ماحولیاتی نظام ہے جو نہ صرف لانگ آئی لینڈ کی معیشت، تفریح اور سیاحت کو اہم فوائد فراہم کرتا ہے، بلکہ نیویارک کو بدلتے ہوئے موسمی حالات کے لیے بھی بہتر طور پر تیار کرتا ہے۔"

2022 لانگ آئی لینڈ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزور کے جامع انتظامی منصوبے ( Comprehensive Management Plan, CMP) کی اپ ڈیٹ کمیونٹیز اور اسٹیک ہولڈرز کو مستقبل میں جنوبی ساحلی ایسٹوؤری کے استحکام پر توجہ دیتے ہوئے جنوبی ساحل کے گراں قدر وسائل اور ایسٹوؤری کی معیشت کے انتظام، تحفظ اور بحالی کے لیے ایک گائیڈ فراہم کرتا ہے۔ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو ( South Shore Estuary Reserve, SSER)، جو ریاست نیویارک کے محکمہ خارجہ کے زیر انتظام ہے، 1993 میں لانگ آئی لینڈ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو ایکٹ (Long Island South Shore Estuary Reserve Act) کے ذریعے قائم کیا گیا تھا جس میں لانگ آئی لینڈ کے جنوبی ساحلی خلیجوں اور ان سے آ ملنے والے بالائی علاقوں کے تحفظ اور محتاط انتظام پر زور دیا گیا تھا۔ SSER ریاستی اور مقامی حکومتوں، غیر منافع بخش تنظیموں، تعلیمی اداروں، مقامی کاروباری مفادات اور عوام کو SSER کے قدرتی، تفریحی، اقتصادی اور تعلیمی وسائل کے تحفظ، حفاظت اور ان میں اضافے کے لیے اکٹھا کرتا ہے۔

SSER میں ریتیلے ساحلوں کے وسیع حصے، متعدد ساحلی سیر گاہیں، اور متعدد پارکس اور قدرتی تحفظات شامل ہیں جو تیراکی، کشتی، مچھلی، پیدل سفر، جنگلی حیات کا مشاہدہ کرنے اور آرام کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ یہ علاقہ 1.5 ملین افراد کے لیے مسکن ہے، SSER لانگ آئی لینڈ کی سیاحت، سمندری غذا اور تفریحی صنعتوں کے لیے ایک بنیادی ستون ہے۔ ریزرو نساؤ اور سافک کاؤنٹیز کے جنوبی حصوں تک پھیلا ہوا ہے اور اس میں: لانگ بیچ

کا شہر؛ ہیمپسٹیڈ کے قصبوں کے حصے؛ اویسٹر بے، بیبلون، آئی سلپ، بروک ہیون اور ساؤتھمپٹن؛ اور 28 گاؤں شامل ہیں۔

**سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "یہ منصوبہ مقامی ایسٹوؤری کے موحولیاتی نظاموں کے مستقبل کے انتظام، تحفظ اور بحالی کے لیے اور لانگ آئی لینڈ کی کمیونٹیز کو فراہم کی جانے والی ان کی زبردست سروسز کے لیے اہم ہے۔ لانگ آئی لینڈ کی آبی گزرگاہیں ان کی معیشت کی لئے عنصرِ حیات ہیں جس کی وجہ سے اس کے سب سے قیمتی قدرتی وسائل میں سے ایک کو محفوظ رکھنا بہت ضروری ہے۔ ہر سال، جنوبی ساحلی ایسٹوؤری لاکھوں رہائشیوں اور سیاحوں کو وافر تفریحی اور معاشی مواقع فراہم کرتا ہے، اسی لیے ہمیں اس کی حفاظت کرنی چاہیئے۔ یہ اپ ڈیٹ شدہ جامع انتظامی منصوبہ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو کاؤنسل میں ہمارے زبردست شراکت داروں کی سخت محنت اور لگن کے بغیر ممکن نہیں ہو گا، جن کے ہم بہت مشکور ہیں۔"

**ریاست نیویارک پارکس کے کمشنر Erik Kulleseid** نے کہا: "اس اہم ہفتے کے دوران ہم میں سے ان لوگوں کے لیے جو بیرونی سرگرمیوں سے محبت کرتے ہیں، میں لانگ آئی لینڈ کے جنوبی ساحل کی سرپرستی کے اس منصوبے کی تعریف کرتا ہو۔ ندیوں اور ساحلی پٹیوں کو استعمال کرنے، ان تک رسائی اور ان سے لطف اندوز ہونے کی عوامی اہلیت انتہائی اہمیت رکھتی ہے اور منصوبہ بندی آگے بڑھنے کے مثبت نتائج کو یقینی بنائے گی۔"

**ریاستی محکمۂ نقل و حمل کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "جیسا کہ نیویارک گورنر Hochul کی قیادت میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے خلاف ہماری جنگ کو آگے بڑھانے کے لیے کام کر رہا ہے، ریاستی محکمۂ نقل و حمل ہمارے ماحول میں پائیداری کو فروغ دیتے ہوئے ہمارے بنیادی ڈھانچے میں استحکام پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جامع جنوبی ساحلی انتظامی منصوبہ ایسا ہی ایک طریقہ ہے جس میں ہم اپنے شراکت داروں کے ساتھ اپنے ماحول کی حفاظت کے لیے ہر سطح پر کام کر رہے ہیں، جبکہ آنے والی نسلوں کے لیے استحکام قائم کر رہے ہیں۔"

**ریاست نیویارک محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ کا جنوبی ساحلی ایسٹوؤری نیویارک کے سمندری آبی گزرگاہوں کے نیٹ ورک کا ایک مرکزی جوہر ہے، جو ان کے لیے گراں قدر وسائل اور رہائش گاہوں کو کمیونٹیز اور کاروباروں سے مربوط کرتا ہے جو نیویارک کے سمندری وسائل سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ DEC گورنر Hochul، محکمہ خارجہ، اور بہت سے دوسرے شراکت داروں کے ساتھ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو کے ساتھ مل کر کام جاری رکھے گا تاکہ گراں قدر رہائش گاہوں اور آبی حیات کے تحفظ اور حفاظت کے لیے قومی رہنما موسمیاتی ایکٹ میں اجتماعی اہداف کی حمایت کی جا سکے۔"

**سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Steve Bellone نے کہا،** "جنوبی ساحلی ایسٹوؤری کے لیے اس نئے منصوبے کی تکمیل لانگ آئی لینڈ کی جنوبی ساحلی خلیجوں میں پانی کے معیار کو بہتر بنانے کی ہماری کوششوں میں ایک اور اہم قدم ہے۔ سافک کاؤنٹی ریاست نیویارک کی فراہم کردہ مضبوط قیادت کے لیے شکر گزار ہے اور حکومت میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے ساحلی پانی صاف شفاف ہوں اور آنے والی نسلیں ان سے پوری طرح لطف اندوز ہو سکیں۔"

**بیبلون کے قصبے کے سپروائزر Rich Schaffer نے کہا،** "جنوبی ساحلی ایسٹوؤری،ا بیبلون کے قصبے اور ریاست بھر کے لیے زبردست معاشی اور سماجی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ CMP اپ ڈیٹ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرے گا کہ آنے والی نسلوں کے لیے ایسٹوؤری کو محفوظ رکھا جائے۔"

**ہیمپسٹڈ کے قصبے کے سپروائزر Donald Clavin, Jr. نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو ماحولیاتی تنوع کی ایک بھرپور صف کا گھر ہے، اور ہماری بستی کے منفرد ساحلی نوعیت کے علاقے کے تانے بانے بُننے میں بہت زیادہ تعاون کرتا ہے۔ ہیمپسٹیڈ کا قصبہ تمام حکومتی سطحوں پر ہمارے شراکت داروں کے ساتھ کام جاری رکھے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے جنوبی ساحل کے ماحول کو آنے والی نسلوں کے لیے محفوظ رکھا جائے۔ اس ماحولیات کی بلدیاتی قیادت میں ہمارے قصبے کی سرشار تحفظاتی ٹیم کی صلاحیتوں کو

بروئے کار لانا، اور یہاں لانگ آئی لینڈ پر ماحولیاتی تحفظ کے لیے کام کرنے والی تحفظاتی تنظیموں اور دیگر ایجنسیوں کے ساتھ باقاعدہ رابطے میں رہنا شامل ہے۔"

**ساؤتھمپٹن کے قصبے کے سپروائزر Jay Schneiderman نے کہا،** "ساؤتھمپٹن کا قصبہ 2022 لانگ آئی لینڈ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو کے جامع انتظامی منصوبے کی مکمل حمایت کرتا ہے، کیونکہ یہ ہمارے علاقے میں پانی کے معیار میں اہم بہتری، ماحولیاتی نظام کی بحالی، موسمیاتی تبدیلی اور ساحلی استحکام کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ یہ منصوبہ غیر معمولی ہے، کیونکہ یہ مقامی حکومتوں، زمینی علاقے کے مینیجرز، محققین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو اس طرح کے مقاصد حاصل کرنے کے ذرائع اور وسائل فراہم کرتا ہے۔ محکمہ خارجہ (Department of State, DOS) کو درپیش چیلنجوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، قصبہ ایسے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے کی جانے والی سخت کوششوں کے لیے DOS کو سراہتا ہے اور اس سب سے زیادہ تاریخی اور گراں قدر منصوبے کو نافذ کرنے کے لیے ریاست اور ہمارے بہت سے شراکت داروں کے ساتھ کام جاری رکھنے کا منتظر ہے۔"

**بروک ہیون قصبے کے سپروائزر Ed Romaine نے کہا،** "جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو کاؤنسل کے رکن کے طور پر، میں خاص طور پر ان ماحولیاتی چیلنجز سے واقف ہوں جن کا ہمیں لانگ آئی لینڈ میں سامنا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی نے رہنما خطوط اور ایک عملی منصوبہ قائم کرنا ضروری بنا دیا ہے جو مستقبل کے لیے عام فہم حل فراہم کرتا ہے۔ آج ہم اپنے ماحول کے تحفظ اور حفاظت کے لیے جو کچھ کرتے ہیں اس کا اثر آنے والی نسلوں تک ہماری تمام آبی گزرگاہوں پر پڑے گا۔"

**آئی سلپ قصبے کی سپروائزر Angie Carpenter نے کہا،** "آئی سلپ بہت سی خوبصورت آبی گزرگاہوں، خلیجوں، قدرتی رہائش گاہوں اور خصوصیات کا مسکن ہے جو ہمارے قصبے اور رہائشیوں کے لیے حقیقی اثاثہ ہیں۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے ماحول کے اچھے محافظوں کے طور پر اس قدرتی حسن کے تحفظ کے لیے کام کرتے رہیں۔ اس جامع انتظامی منصوبے کا مقصد صرف یہی کرنا ہے، اور یہ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کام کرے گا کہ یہ ضروری مسکن ہمارے بچوں، ان کے بچوں اور آنے والی نسلوں کے لیے محفوظ رہیں۔"

**قدرتی تحفظ-نیویارک میں موسمیاتی موافقت کی ڈائریکٹر Alison Branco نے کہا،** "قدرتی تحفظ لانگ آئی لینڈ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو کے جامع انتظامی منصوبے میں 2022 کی اپ ڈیٹ کا جشن منانے میں ریاست نیویارک اور مقامی کمیونٹیز کے ساتھ شامل ہونے پر خوشی محسوس کرتا ہے۔ گزشتہ 20 سالوں کے دوران، یہ واضح ہو گیا ہے کہ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری میں موسمیاتی تبدیلی ہر ایک فرد اور ہر چیز کو متاثر کرتی ہے۔ اپ ڈیٹ کردہ منصوبے میں اس اہم وسائل کی حفاظت، بحالی اور انتظام کیسے کیا جائے، اس کے بارے میں فہم و ادراک شامل کیا گیا ہے اور نئی رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔ ہم لانگ آئی لینڈ کے لوگوں اور جنگلی حیات کے ساتھ مسلسل وابستگی کے لیے محکمہ خارجہ کی کوششوں کو سراہتے ہیں، قدرتی تحفظِ نیویارک کی۔"

**ماحولیات کے لیے شہری مہم کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Adrienne Esposito نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ کے لوگ ہمارے ساحلوں، خلیجوں اور بندرگاہوں سے محبت کرتے ہیں۔ ان قدرتی اثاثوں کی بحالی ہمارے معیار زندگی اور ہماری مقامی معیشت کے لیے انتہائی اہم ہے۔ اچھی خبر یہ ہے کہ ہم پیش رفت کر رہے ہیں! ہم نے حساس ساحلی علاقوں کی حفاظت کی ہے، مچھلی کے لیے چھوٹے ڈیم بنائے ہیں، نئی اویسٹر ریفس بنائی ہیں، جدید کیلپ فارمنگ کی ہے اور ہم آلودہ طوفانی پانی کو سمندری ماحول میں داخل ہونے سے پہلے صاف کر رہے ہیں۔ اب ہمیں اپنی خلیجوں میں گندے پانی، نقصان دہ کائی کے پھولوں، پلاسٹک کی بڑھتی ہوئی آلودگی سے ضرورت سے زیادہ نائٹروجن، اور آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات جیسے سمندر میں تیزابیت اور سطح سمندر میں اضافوں جیسے نئے چیلنجوں اور خطرات سے نمٹنا ہو گا۔ یہ نیا منصوبہ ہمارے پسندیدہ جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو کی بحالی اور حفاظت کے لیے ایک ضروری طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔ NYS سیکرٹری برائے ریاست Rodriguez اور NYS کے محمکہ خارجہ کے محنتی عملے کا شکریہ کہ انہوں نے ہماری خلیجوں کو بحال کرنے کی خاطر لگن سے کام کیا۔"

**Rob Weltner، آپریشن S.P.L.A.S.H کے صدر، نے کہا،** "ایک تنظیم کے طور پر کہ جو اپنا زیادہ تر وقت اور کوششیں جنوبی ساحلی ایسٹوؤری ریزرو میں صرف کرتی ہے، ہم بہت ساری براہ راست مثبت تبدیلیاں دیکھتے ہیں جو جامع انتظامی منصوبے کو بطور گائیڈ استعمال کرتے ہوئے اس کے وافر آبی گزرگاہوں، نمکین دلدلوں اور ساحلوں میں لائی گئی ہیں۔ ہم سب کے مل کر خلیجوں کو واپس لانے کے لیے کام کرنے کے ساتھ نئے اپ ڈیٹ شدہ CMP کا استعمال کرنے سے، ہم صرف تصور کر سکتے ہیں کہ SSER ہم سب "جزیرے کے باشندوں" کے لیے کتنا بہتر ہو جائے گا۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418